CAREERINDIA

**D**

**SL. No : ZZ**

**CCE PR**
**UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 54 ]
Total No. of Questions : 54 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** | **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : Third Language - URDU

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2019 ] | [ Date : 04. 04. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-15 ರವರೆಗೆ ] | [ Time : 9-30 A.M. to 12-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: 100 ] | [ Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 54 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سر بمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں لکھئے : 12 × 1 = 12

1. حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا ؟
2. والد کے انتقال کے وقت محمد علی جوہر کی عمر کیا تھی ؟
3. پروفیسر راہی سے مصنف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟
4. شفیع الامم سے کون مُراد ہیں ؟
5. چاند نے آفتاب کسے قرار دیا ؟
6. شاعر سید احمد شاکر کیا پیغام دے رہے ہیں ؟
7. شاعر بشیر بدر کو پھول کب نصیب ہوئے ؟
8. کسان کی عزت کہاں کہاں ہوتی ہے ؟
9. فراق کے مطابق کچھ نہ کرنے والوں کو کیا کرنا آتا ہے ؟
10. ملا نصیر الدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟
11. گلبرگی کا قدیم نام کیا ہے ؟
12. ''نانو ذرّات'' کی ضخامت کتنی ہوتی ہے ؟

درج ذیل سوالات کے جوابات **دو یا تین** جملوں میں لکھئے : 13 × 2 = 26

13. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟
14. کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے ؟
15. صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟
16. شاعر سید احمد شاکر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA



17. نظم ''دوہے'' میں ساغر کرناٹکی نے جانور اور آدمی میں کیا فرق بتایا ہے ؟

18. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟

19. مولانا محمد علی جوہر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتایئے۔

20. ملک کی ترقی میں کسان کیا کردار ادا کر رہا ہے ؟

21. اکبر الہٰ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی اور کسی بات کا لالچ کیوں نہ رہا ؟

22. حضور اکرم ﷺ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اِظہار کیا ؟

23. مستقل کلمہ کی تعریف کیجئے اور اُس کی کوئی دو قسمیں بتایئے۔

24. سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟

25. علامتِ اضافت کی تعریف کیجئے۔ ایک مثال دیجئے۔

درج ذیل سوالات کے جوابات **تین یا چار** جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

بحوالۂ متن جملوں کی وضاحت کیجئے :

26. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

27. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش ہی نہیں ہے۔''

28. ''ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

ان اشعار کی تشریح کیجئے :

29. زمانہ کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

30. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے
کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA



31. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں

تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

درج ذیل میں سے کسی **ایک** نثر نگار کا مختصر تعارف لکھئے :

32. (i) خلیل منظرؔی (ii) کرشن چندر

کسی **ایک** شاعر کا تعارف لکھئے :

33. (i) سید احمد شاکرؔ (ii) میر تقی میرؔ

درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 2 × 4 = 8

34. حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

**یا**

کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھئے۔

35. نظم ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

## PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے **چار** متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے : 15 × 1 = 15

36. وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں، کہتے ہیں۔

A) حروفِ عطف B) حروف علّت

C) حروف فجائیہ D) فعلِ ناقص

37. وہ حروف جو جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے موقع پر بے ساختہ نکل جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

A) مستقل کلمہ B) غیر مستقل کلمہ

C) حروفِ تخصیص D) حروفِ فجائیہ



www.careerindia.com

CAREERINDIA



.38 غزل کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو، کہلاتا ہے۔

A) مطلع B) مقطع

C) بیت الغزل D) مصرع

.39 الفاظ کا وہ مجموعہ جس سے کچھ معنی و مطلب نکلتا ہو، کہلاتا ہے۔

A) اِملا B) خبر

C) جملہ D) فعل

.40 لاحقہ لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A) بے حد B) باذوق

C) دردمند D) ہم محلّہ

.41 لفظ شعرأ کا واحد ہے۔

A) شاعر B) شاعری

C) شعور D) اشعار

.42 محاورہ ''تاب نہ لانا'' کے معنی یہ ہیں۔

A) بغیر کتاب کے آنا B) برداشت کرنا

C) برداشت نہ کرنا D) صبر کرنا

.43 لفظ ''موت'' کی ضد ہے۔

A) قید B) حیات

C) بندگی D) مرگ

www.careerindia.com

CAREERINDIA



44. حضورِ اکرم ﷺ کی تعریف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔

A) رباعی B) غزل

C) نعت D) حمد

45. وہ جملہ جس میں صرف ایک مبتدا اور ایک خبر ہو، کہلاتا ہے۔

A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب

C) جملۂ فعلیہ D) جملۂ انشائیہ

46. وہ جملہ جو دو یا دو سے زیادہ مفرد جملوں سے مل کر بنتا ہے۔

A) جملۂ مفرد B) جملۂ مرکب

C) جملہ D) عبارت

47. اِن میں سے مونث لفظ کی نشاندہی کیجیے۔

A) روشنی B) خزانہ

C) طریقہ D) وطن

48. وہ کلمہ جو خود اپنے معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے، کہلاتا ہے۔

A) غیر مستقل کلمہ B) مستقل کلمہ

C) اسم D) ضمیر

49. مضمون کا آخری حصّہ کہلاتا ہے۔

A) نفسِ مضمون B) اختتام

C) تمہید D) ابتداء

50. وہ خط جو اپنے کنبے والوں، رشتے داروں، دوستوں کو لکھے جاتے ہیں، کہلاتے ہیں۔

A) کاروباری خطوط B) سرکاری خطوط

C) دفتر خطوط D) نجی خطوط



www.careerindia.com

CAREERINDIA



## PART-C/حصّہ - ج

51. درج ذیل انگریزی جملوں کا آسان اُردو میں ترجمہ کیجئے : 3 × 1 = 3

i) Our national flag has three colours.

ii) Mumbai is a famous city of our country.

iii) Delhi is the capital city of India.

52. اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھئے، جس میں اپنے مدرسہ کے سالانہ جلسہ کا ذکر ہو۔ 1 × 4 = 4

یا

اپنے میر معلم کو ایک خط لکھئے، جس میں سندِ تبادلہ (T.C.) حاصل کرنے کا ذکر ہو۔

53. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 4 = 4

(i) آپ کا پسندیدہ لیڈر

(ii) سماجی بُرائیاں

(iii) وقت کی اہمیت

54. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 4 × 1 = 4

حکیم اجمل خاں 1863ء کو دلّی میں پیدا ہوئے۔ وہ دہلی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔ ان کے شہرت پورے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ حکیم اجمل خاں بڑے باکمال انسان تھے۔ اِن کی ذہانت کا یہ عالم تھا کہ بہت کم عمری میں انہوں نے قرآن حفظ کر لیا۔ عربی اور فارسی کی تعلیم گھر پر ہی مکمل کر لی۔

سوالات :

(i) حکیم اجمل خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) حکیم اجمل خاں کس شہر کے مشہور حکیم تھے ؟

(iii) حکیم اجمل خاں کیسے انسان تھے ؟

(iv) حکیم اجمل خاں کی ذہانت کا عالم کیا تھا ؟



www.careerindia.com

www.careerindia.com